آگ سے تحفظ کے مفید مشورے

سموک الارم

پریشان کن الارم بجنے سے بچنے کے لیے، دھوئیں کے الارم کھانا پکانے کی جگہوں یا غسل خانوں سے دور لگائیں یا اس کے بجائے فوٹو الیکٹرک قسم کے الارم استعمال کرنے پر غور کریں۔

تمام باہم منسلک الارم ایک ہم آہنگ ساخت یا برانڈ کے ہونے چاہیں۔

اگر آپ ایک الیکٹریکل سموک الارم کو تبدیل کرتے ہیں، تو ان سب کو تبدیل کریں۔



الارم کو چھت یا دیوار سے 10 سنٹی میٹر دور ہونا چاہیے، جو اس پر منحصر ہے کہ اسے کہاں پر لگایا جا رہا ہے۔

اپنے گھر کی ہر منزل پر اور سونے کی ہر جگہ کے باہر کارآمد سموک الارم ضرور لگوائیں۔ اضافی تحفظ کے لیے، تمام بیڈ رومز میں الارمز لگوائیں۔

ٹیسٹ کے بٹن کو دبا کر مہینے میں ایک بار اپنے سموک الارم کی جانچ ضرور کریں۔

اپنے سموک الارم یونٹ کو 10 سال بعد تبدیل کر دیں (بیٹری یا بجلی والا)

اگر آپ کے سموک الارم میں بیٹری پڑتی ہو، تو بیٹری کو سال میں کم از کم ایک بار تبدیل کریں یا جب آپ کو کمزور بیٹری کی بیپ کی آواز سنائی دیتی ہے۔

سموک الارمز کو لگاتے وقت، مرمت کرتے وقت یا تبدیل کرتے وقت، ہمیشہ مینوفیکچرر کی ہدایات پر عمل کریں

WELLAND

Welland Fire &

Emergency Services

Welland Fire and Emergency Services
Fire Prevention Division
400 East Main Street, City of Welland, Ontario
905-735-1700 x2488
fireprevention@welland.ca
www.welland.ca/fire

@WellandFire

Translation courtesy of Mississauga Fire and Emergency Services
MISSISSAUGA